مختصر حقائق: کووڈ-19 ویکسین اور حمل

کووڈ-19 ویکسینز اور حمل کے بارے میں بہت ساری غلط معلومات موجود ہیں۔ آئیے کچھ معلوم حقائق پر توجہ دیں!

کووڈ-19 ویکسینز حمل سے پہلے، حمل کے دوران اور حمل کے بعد میں محفوظ ہیں۔

American College of Obstetricians and Gynecologists (ACOG، امریکی کالج برائے ماہر امراض زچگی و ماہر امرض نسواں) اور Centers for Disease Control and Prevention (CDC، بیماریوں کے کنٹرول اور روک تھام کے مراکز) نے حمل کے دوران ویکسینیشن کی سفارش کی ہے تاکہ کووڈ-19 کی شدید بیماری سے تحفظ فراہم کیا جا سکے۔

کووڈ-19 کا شکار ہونے کی صورت میں حاملہ افراد کو شدید بیماری اور پیچیدگیوں کا زیادہ خطرہ ہوتا ہے۔

حمل کے دوران یا حمل کے بعد کووڈ-19 سے شدید بیمار پڑنا ہسپتال میں داخل ہونے کے خطرے کو نمایاں طور پر بڑھا سکتا ہے جس میں وینٹی لیٹر کی ضرورت کے علاوہ حمل کے دوران پیچیدگیاں، قبل از وقت پیدائش، یا مردہ بچے کی پیدائش شامل ہو سکتی ہیں۔

اس بات کا کوئی ثبوت نہیں ہے کہ کووڈ-19 ویکسین پیدائشی نقائص، اسقاط حمل، قبل از وقت پیدائش، مردہ بچے کی پیدائش، یا دیگر پیچیدگیوں کا باعث بنتی ہے۔

تاہم، یقین سے کہا جا سکتا ہے یہ کووڈ-19 کی بیماری ان پیچیدگیوں کا سبب بن سکتی ہے۔

اگر آپ چھاتی کا دودھ پلا رہی ہیں تو ویکسین لگوانا محفوظ ہے۔

ماں کا دودھ آپ کے بچے کو کووڈ-19 انفیکشن سے بچانے میں مدد کے لیے اینٹی باڈیز منتقل کر سکتا ہے جب تک کہ وہ 6 ماہ کی عمر میں ویکسینیشن کے اہل نہ ہوں۔

وسائل:

حاملہ یا چھاتی کا دودھ پلانے کے دوران کووڈ-19 کی ویکسینز (cdc.gov) |
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/vaccines/recommendations/pregnancy.html (صرف انگریزی، ہسپانوی، کورین، ویتنامی اور چینی)

حاملہ اور حال ہی میں حاملہ ہونے والے افراد | CDC |
https://www.cdc.gov/coronavirus/2019-ncov/need-extra-precautions/pregnant-people.html (صرف انگریزی)

کووڈ-19 ویکسین اور حمل: آپ کو جو کچھ جاننے کی ضرورت ہے | Johns Hopkins Medicine |
https://www.hopkinsmedicine.org/health/conditions-and-diseases/coronavirus/the-covid19-vaccine-and-pregnancy-what-you-need-to-know (صرف انگریزی)

Vaccinate WA
CovidVaccineWA.org

کسی اور شکل میں اس دستاویز کی درخواست کرنے کے لیے، 1-800-525-0127 پر کال کریں۔
سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین، براہِ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔

Washington State Department of HEALTH

DOH 825-049 August 2023 Urdu